www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

| A1 | ಅರ್ಹತಾ ಪರೀಕ್ಷೆ – 2025<br>ಪತ್ರಿಕೆ – 2<br>ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳು : 100<br>ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 200<br>ವಿಷಯ : ಉರ್ದು<br>ವಿಷಯದ ಕೋಡ್ : 22 | ಕ್ರಮ ಸಂಖ್ಯೆ : |
|---|---|---|
| ವರ್ಷನ್ ಕೋಡ್ | ನಿಮ್ಮ ನೋಂದಣಿ ಸಂಖ್ಯೆಯನ್ನು ನಮೂದಿಸಿ | ಪತ್ರಿಕೆ ಸಂಕೇತ: URD21125B |

## ಅಭ್ಯರ್ಥಿಗಳಿಗೆ ಸೂಚನೆಗಳು

**ಮಾಡಿ:**

1. ಕೊಠಡಿ ಮೇಲ್ವಿಚಾರಕರು ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯನ್ನು ನಿಮಗೆ ಬೆ. **9.55** ಕ್ಕೆ ಕೊಡುತ್ತಾರೆ.
2. ನೋಂದಣಿ ಸಂಖ್ಯೆಯನ್ನು ಓ.ಎಂ.ಆರ್. ಉತ್ತರಪತ್ರಿಕೆಯಲ್ಲಿ ಬರೆದು ಅದಕ್ಕೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ವೃತ್ತಗಳನ್ನು ಸಂಪೂರ್ಣವಾಗಿ ತುಂಬಿದ್ದೀರೆಂದು ಖಾತ್ರಿಪಡಿಸಿಕೊಳ್ಳತಕ್ಕದ್ದು.
3. ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯ ವರ್ಷನ್ ಕೋಡ್ ಅನ್ನು ಓ.ಎಂ.ಆರ್. ಉತ್ತರ ಪತ್ರಿಕೆಯಲ್ಲಿ ಬರೆದು ಅದಕ್ಕೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ವೃತ್ತಗಳನ್ನು ಸಂಪೂರ್ಣವಾಗಿ ತುಂಬಬೇಕು.
4. ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯ ವರ್ಷನ್ ಕೋಡ್ ಮತ್ತು ಕ್ರಮಸಂಖ್ಯೆಯನ್ನು ನಾಮಿನಲ್ ರೋಲ್‌ನಲ್ಲಿ ತಪ್ಪಿಲ್ಲದೆ ಬರೆಯಬೇಕು.
5. ಓ.ಎಂ.ಆರ್. ಉತ್ತರ ಪತ್ರಿಕೆಯ ಕೆಳಭಾಗದ ನಿಗದಿತ ಜಾಗದಲ್ಲಿ ಕಡ್ಡಾಯವಾಗಿ ಸಹಿ ಮಾಡಬೇಕು.

**ಮಾಡಬೇಡಿ:**

- ಓ.ಎಂ.ಆರ್. ಉತ್ತರ ಪತ್ರಿಕೆಯಲ್ಲಿ ಮುದ್ರಿತವಾಗಿರುವ **ಟೈಮಿಂಗ್ & ಮಾರ್ಕನ್ನು** ತಿದ್ದಬಾರದು / ಹಾಳುಮಾಡಬಾರದು / ಅಳಿಸಬಾರದು.

## ಅಭ್ಯರ್ಥಿಗಳಿಗೆ ಪ್ರಮುಖ ಸೂಚನೆಗಳು

1. ಪ್ರಶ್ನೆಗಳಲ್ಲಿ ಬಳಸಿರುವ **signs and symbols** ಗಳನ್ನು, ಬೇರೆ ರೀತಿಯಲ್ಲಿ ಹೇಳದ ಹೊರತು, ನಿಗದಿತ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕದಲ್ಲಿನ ಅರ್ಥವನ್ನು ಪರಿಗಣಿಸಬೇಕು.
2. ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯಲ್ಲಿ ಒಟ್ಟು **100** ಪ್ರಶ್ನೆಗಳಿದ್ದು, ಪ್ರತಿ ಪ್ರಶ್ನೆಗೂ 4 ಬಹು ಆಯ್ಕೆ ಉತ್ತರಗಳು ಇರುತ್ತವೆ. ಪ್ರತಿ ಪ್ರಶ್ನೆಯ ಕೆಳಗೆ ಕೊಟ್ಟಿರುವ ನಾಲ್ಕು ಬಹು ಆಯ್ಕೆಯ ಉತ್ತರಗಳಲ್ಲಿ ಸರಿಯಾದ ಒಂದು ಉತ್ತರವನ್ನು ಆಯ್ಕೆ ಮಾಡಿ.
3. ಬೆಳಿಗ್ಗೆ **10.00** ಗಂಟೆಗೆ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯ ಬಲಭಾಗದಲ್ಲಿರುವ ಸೀಲ್ ತೆಗೆದು ಈ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯಲ್ಲಿ ಯಾವುದೇ ಪುಟಗಳು ಮುದ್ರಿತವಾಗಿಲ್ಲದೇ ಇರುವುದು ಕಂಡು ಬಂದಲ್ಲಿ ಅಥವಾ ಹರಿದು ಹೋಗಿದ್ದಲ್ಲಿ ಅಥವಾ ಯಾವುದೇ ಅಕ್ಷರಗಳು ಬಿಟ್ಟುಹೋಗಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪರೀಕ್ಷೆ ಪ್ರಾರಂಭವಾದ 5 ನಿಮಿಷಗಳೊಳಗೆ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯನ್ನು ಬದಲಾಯಿಸಿಕೊಳ್ಳುವುದು. ನಂತರ ಓ.ಎಂ.ಆರ್. ಉತ್ತರಪತ್ರಿಕೆಯಲ್ಲಿ ಉತ್ತರಿಸಲು ಪ್ರಾರಂಭಿಸುವುದು.
4. ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯಲ್ಲಿನ ಪ್ರಶ್ನೆಗೆ ಅನುಗುಣವಾಗಿರುವ ಸರಿ ಉತ್ತರವನ್ನು ಓ.ಎಂ.ಆರ್. ಉತ್ತರಪತ್ರಿಕೆಯಲ್ಲಿ ಅದೇ ಕ್ರಮ ಸಂಖ್ಯೆಯ ಮುಂದೆ ನೀಡಿರುವ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ವೃತ್ತವನ್ನು ನೀಲಿ ಅಥವಾ ಕಪ್ಪು ಬಾಲ್ ಪಾಯಿಂಟ್ ಪೆನ್‌ನಿಂದ ಸಂಪೂರ್ಣ ತುಂಬುವುದು.

| ಸರಿಯಾದ ಕ್ರಮ CORRECT METHOD | | | | ತಪ್ಪು ಕ್ರಮಗಳು WRONG METHODS | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | ⊗ | ② | ③ | ④ | ① | ② | ③ | ④ | ① | ● | ● | ④ |
| ① | ● | ③ | ④ | ● | ② | ③ | ④ | ① | ● | ③ | ④ | ① | ② | ③ | ④ |

5. ಓ.ಎಂ.ಆರ್. ಉತ್ತರ ಪತ್ರಿಕೆಯನ್ನು ಸ್ಕ್ಯಾನ್ ಮಾಡುವ ಸ್ಕ್ಯಾನರ್ ಬಹಳ ಸೂಕ್ಷ್ಮವಾಗಿದ್ದು ಸಣ್ಣ ಗುರುತನ್ನು ಸಹ ದಾಖಲಿಸುತ್ತದೆ. ಆದ್ದರಿಂದ ಓ.ಎಂ.ಆರ್. ಉತ್ತರ ಪತ್ರಿಕೆಯಲ್ಲಿ ಉತ್ತರಿಸುವಾಗ ಎಚ್ಚರಿಕೆ ವಹಿಸಿ.
6. ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯಲ್ಲಿ ಕೊಟ್ಟಿರುವ ಖಾಲಿ ಜಾಗವನ್ನು ಕಚ್ಚಾ ಕೆಲಸಕ್ಕೆ ಉಪಯೋಗಿಸಿ. ಓ.ಎಂ.ಆರ್. ಉತ್ತರ ಪತ್ರಿಕೆಯನ್ನು ಇದಕ್ಕೆ ಉಪಯೋಗಿಸಬೇಡಿ.
7. **ಮ. 1.00 ಗಂಟೆಗೆ ಕೊನೆಯ ಬೆಲ್ ಆದ ನಂತರ ಉತ್ತರಿಸುವುದನ್ನು ನಿಲ್ಲಿಸಿ, ಓ.ಎಂ.ಆರ್. ಉತ್ತರ ಪತ್ರಿಕೆಯನ್ನು ಕೊಠಡಿ ಮೇಲ್ವಿಚಾರಕರಿಗೆ ಯಥಾಸ್ಥಿತಿಯಲ್ಲಿ ನೀಡಿರಿ.**
8. ಕೊಠಡಿ ಮೇಲ್ವಿಚಾರಕರು ಮೇಲ್ಭಾಗದ ಹಾಳೆಯನ್ನು ಪ್ರತ್ಯೇಕಿಸಿ (ಕಚೇರಿ ಪ್ರತಿ) ತಮ್ಮ ವಶದಲ್ಲಿಟ್ಟುಕೊಂಡು ಹಿಂಬದಿಯ ಯಥಾಪ್ರತಿಯನ್ನು (ಅಭ್ಯರ್ಥಿಯ ಪ್ರತಿ) ಅಭ್ಯರ್ಥಿಗಳಿಗೆ ಕೊಡುತ್ತಾರೆ.
9. ಎಲ್ಲಾ ಪ್ರಶ್ನೆಗಳಿಗೆ ಸಮಾನ ಅಂಕಗಳಿರುತ್ತದೆ.
10. **ಋಣಾತ್ಮಕ ಮೌಲ್ಯಮಾಪನವಿರುವುದಿಲ್ಲ.**
11. ಯಾವುದೇ ರೀತಿಯ ಮೊಬೈಲ್ ಫೋನ್, ಕ್ಯಾಲ್ಕುಲೇಟರ್ ಮತ್ತು ಇತರೆ ರೀತಿಯ ಎಲೆಕ್ಟ್ರಾನಿಕ್/ಕಮ್ಯುನಿಕೇಷನ್ ಸಾಧನಗಳು ಇತ್ಯಾದಿಗಳನ್ನು ಪರೀಕ್ಷಾ ಕೇಂದ್ರದ ಆವರಣದೊಳಗೆ ತರುವುದನ್ನು ನಿಷೇಧಿಸಿದೆ.

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide

DO NOT WRITE HERE

Prepp Your Personal Exam Guide

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

| A1 VERSION CODE | ELIGIBILITY EXAMINATION-2025<br>PAPER-2<br>Total Number of Questions : 100<br>Maximum Marks : 200<br>Subject : Urdu<br>Subject Code : 22 | Serial Number : |
|---|---|---|
| | MENTION YOUR REGISTER NUMBER | Paper Code: URD21125B |

A1

## INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

**DOs:**

1. This question booklet is issued to you at **9.55 AM** by the room invigilator.
2. Check whether the Register Number has been entered and shaded in the respective circles on the OMR answer sheet.
3. The version code of this question booklet should be entered on the OMR answer sheet and the respective circles should also be shaded completely.
4. The Version Code and Serial Number of this question booklet should also be entered on the Nominal Roll without any mistakes.
5. Compulsorily sign at the bottom portion of the OMR answer sheet in the space provided.

**DON'Ts:**

- **THE TIMING AND MARKS PRINTED ON THE OMR ANSWER SHEET SHOULD NOT BE DAMAGED / MUTILATED / SPOILED.**

## IMPORTANT INSTRUCTIONS TO CANDIDATES

1. In case of usage of **signs and symbols** in the questions, the regular textbook connotation should be considered unless stated otherwise.
2. This question booklet contains **100** questions and each question will have one statement and four different options / responses & out of which you have to choose one correct answer.
3. **After 10.00 AM,** remove the paper seal of this question booklet and check that this booklet does not have any unprinted or torn or missing pages or items etc., if so, get it replaced by a complete test booklet within 5 minutes of the commencement of exam. Read each item and start answering on the OMR answer sheet.
4. Completely **darken / shade** the relevant circle with a **blue or black ink ballpoint pen against the question number on the OMR answer sheet.**

| ಸರಿಯಾದ ಕ್ರಮ CORRECT METHOD | | | | ತಪ್ಪು ಕ್ರಮಗಳು WRONG METHODS | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | ⊗ | ② | ③ | ④ | ① | ② | ③ | ④ | ① | ● | ● | ④ |
| ① | ● | ③ | ④ | ◐ | ② | ③ | ④ | ① | ◉ | ③ | ④ | ① | ② | ③ | ④ |

5. Please note that even a minute unintended ink dot on the OMR answer sheet will also be recognized and recorded by the scanner. Therefore, avoid multiple markings of any kind on the OMR answer sheet.
6. Use the space provided on each page of the question booklet for rough work. Do not use the OMR answer sheet for the same.
7. **Once the last Bell rings at 1.00 PM**, stop writing on the OMR answer sheet and hand over the **OMR answer sheet** to the room invigilator as it is.
8. After separating the top sheet (Office copy), the invigilator will return the bottom sheet replica (Candidate's copy) to you.
9. All questions carry equal marks.
10. **There will be no negative marking.**
11. Use of Mobile Phones, Calculators and other Electronic/Communication gadgets of any kind is prohibited inside the Examination venue.

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .1 ہندآریائی زبانیں کس لسانی خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

1 - ہندچینی

2 - دراوڑی

3 - سامی

4 - ہندیوروپی

Q .2 الفاظ کی ترتیب اور جملوں کی ساخت کا مطالعہ کیا کہلاتا ہے؟

1 - صوتیات

2 - حرفیات

3 - نحویات

4 - معنیات

Q .3 ذیل میں دی گئی کونسی دو آوازیں معکوسی ہیں؟

1 - ''ٹ'' اور ''ڈ''

2 - ''ج'' اور ''چ''

3 - ''ب'' اور ''پ''

4 - ''ت'' اور ''د''

Q .4 بیان اور توجیہہ پڑھیئے اور درست جواب کی نشان دہی کیجئے۔

بیان: اُردو ایک مخلوط زبان ہے۔

توجیہہ: اُردو میں صرف عربی اور فارسی کے الفاظ شامل ہیں۔

1 - بیان صحیح اور توجیہہ صحیح

2 - بیان صحیح اور توجیہہ غلط

3 - بیان غلط اور توجیہہ صحیح

4 - بیان غلط اور توجیہہ غلط

Q .5 پاننی کی تصنیف ''اشٹ ادھیائی'' کا موضوع کیا ہے؟

1 - ادب

2 - تاریخ

3 - قواعد زبان

4 - اخلاقیات

Q .6 گریرسن کے مطابق مغربی ہندی کی وہ کونسی تین بولیاں ہیں جو''او'' کا لہجہ رکھتی ہیں؟

1 - برج بھاشا، قنوجی اور بندیلی

2 - کھڑی بولی، قنوجی اور بندیلی

3 - برج بھاشا، ہریانوی اور قنوجی

4 - بندیلی، قنوجی اور ہریانوی

Q .7 ماہرلسانیات اوران کی تصنیف کے اعتبار سے دوزمرے صحیح ہیں۔ان کا انتخاب کیجئے۔

a - ہندوستانی لسانیات – محی الدین قادری زور

b - پنجاب میں اُردو – مسعود حسین خاں

c - داستانِ زبانِ اُردو – شوکت سبزواری

d - مقدمۂ تاریخ زبانِ اُردو – محمود خان شیرانی

1 - "a" اور "b"

2 - "b" اور "c"

3 - "a" اور "d"

4 - "a" اور "c"

Q .8 ذیل میں مختلف پراکرتیں اوراُن کے بولے جانے والے علاقے درج ہیں۔صحیح جوڑ کا انتخاب کیجئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a - | شورسینی پراکرت | i - | اودھ |
| b - | مگدھی | ii - | کشمیر |
| c - | اردھ مگدھی | iii - | متھرا |
| d - | پشاچی | iv - | جنوبی بہار |

1 - a-ii, b-iv, c-i, d-iii

2 - a-iii, b-iv, c-i, d-ii

3 - a-i, b-iii, c-iv, d-ii

4 - a-iii, b-ii, c-iv, d-i

www.prepp.in



Q .9 زمانی اعتبار سے صحیح ترتیب کا انتخاب کیجئے۔

1 - سنسکرت - شورسینی اپ بھرنش - پراکرت - مغربی ہندی کی بولیاں
2 - سنسکرت - شورسینی پراکرت - شورسینی اپ بھرنش - مغربی ہندی کی بولیاں
3 - شورسینی پراکرت - اپ بھرنش - مغربی ہندی کی بولیاں - سنسکرت
4 - پالی - مغربی ہندی کی بولیاں - سنسکرت - شورسینی اپ بھرنش

Q .10 ذیل کی آوازوں کو ان کے لسانی نام سے جوڑیئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a - | ف | i - | دنتی |
| b - | ح | ii - | دولبی |
| c - | پ | iii - | حلقی |
| d - | د | iv - | لب دنتی |

1 - a-iii, b-i, c-ii, d-iv
2 - a-i, b-ii, c-iii, d-iv
3 - a-iv, b-iii, c-ii, d-i
4 - a-ii, b-i, c-iv, d-iii

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .11 سوداؔ کس کے مشورے پر اُردو شاعری کی طرف متوجہ ہوئے۔

1 - شاہ حاتم

2 - خان آرزو

3 - مظہر جانِ جاناں

4 - آبرو

Q .12 تاریخ وفات کے اعتبار سے صحیح زمانی ترتیب کی نشان دہی کیجئے۔

1 - مرزا غالب، انیس، دبیر، جمیل مظہری

2 - مرزا غالب، جمیل مظہری، دبیر، انیس

3 - مرزا غالب، انیس، جمیل مظہری، دبیر

4 - مرزا غالب، دبیر، انیس، جمیل مظہری

Q .13 کرداروں کے حوالے سے صحیح جوڑ کی نشان دہی کیجئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a - | سحر البیان | i - | اکھر ناتھ |
| b - | گلزارِ نسیم | ii - | فیروز شاہ |
| c - | قطب مشتری | iii - | حسن آرا |
| d - | کدم راو پدم راو | iv - | مریخ خان |

1 - a-iv, b-iii, c-i, d-ii

2 - a-iii, b-iv, c-ii, d-i

3 - a-ii, b-iv, c-iii, d-i

4 - a-ii, b-iii, c-iv, d-i

Q .14 ذیل میں مصرعہ اولیٰ اور مصرعۂ ثانی دیے گئے ہیں۔ صحیح جوڑ کی نشان دہی کرتے ہوئے شعر مکمل کیجئے۔

| | |
|---|---|
| a - زہے نشاط اگر کیجئے اُسے تحریر | i - ضمیر خلق سے اے بادشاہ پاک ضمیر |
| b - یہ آیا جوش میں بارانِ رحمت باری | ii - نفس کے تار سے آواز خوشتر از یم وزیر |
| c - زباں سے اگر چھیڑیے تو پیدا ہو | iii - کہ سنگ سنگ میں سنگ دیدہ کی ہے تاثیر |
| d - دیا ہے رنج کو دھو تیرے غسل صحت نے | iv - عیاں ہو خامہ سے تحریرِ نغمہ جائے صریر |

1 - a-iv, b-ii, c-iii, d-i
2 - a-ii, b-iii, c-iv, d-i
3 - a-iv, b-iii, c-ii, d-i
4 - a-i, b-iii, c-ii, d-iv

Q .15 ذیل میں بیان اور توجیہہ دیے گئے ہیں سیاق کے حوالے سے صحیح جواب کی نشان دہی کیجئے۔

بیان : اُردو مرثیہ میں جن مقامات کا تذکرہ کیا گیا ہے وہ تقریباً خیالی ہیں۔

توجیہہ: مرثیہ نگاروں نے متذکرہ مقامات کا سفر کیا ہے۔

1 - بیان صحیح اور توجیہہ صحیح
2 - بیان صحیح اور توجیہہ غلط
3 - بیان غلط اور توجیہہ صحیح
4 - بیان غلط اور توجیہہ غلط

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .16 ذیل میں بیان اور توجیہہ دیے گئے ہیں سیاق کے حوالے سے صحیح جواب کی نشان دہی کیجئے۔

بیان: میر انیسؔ کے ہر لفظ اور ہر محاورے کے آگے سب کو سر جھکانا پڑتا ہے۔

توجیہہ: میر انیسؔ کو اپنی طرزِ ادا اور صفائی کلام پر قدرت حاصل تھی۔

1 - بیان غلط اور توجیہہ صحیح

2 - بیان غلط اور توجیہہ غلط

3 - بیان صحیح اور توجیہہ غلط

4 - بیان صحیح اور توجیہہ صحیح

Q .17 میر انیسؔ کے پر دادا کا نام کیا تھا؟

1 - میر خلیق

2 - میر ضاحک

3 - میر حسن

4 - احسن خلیق

Q .18 لیکن مجھے زروئے تواریخ یاد ہے

شیطان اسی پہ نکلا تھا جنّت سے ہو سوار

یہ شعر کس کے قصیدہ سے ماخوذ ہے؟

1 - ذوق

2 - محسن کاکوری

3 - سودا

4 - جمیل مظہری

www.prepp.in
Prepp 22 Your Personal Exams Guide

Q .19 قطب شاہی دور کی مثنویوں کے صحیح زمرے کی نشان دہی کیجیے۔

1 - قطب مشتری، مینا ستونتی، طوطی نامہ، پھولبن
2 - قطب مشتری، گلشنِ عشق، پھولبن، خاورنامہ
3 - علی نامہ، پھولبن، خاورنامہ، طوطی نامہ
4 - گلشن عشق، پھولبن، طوطی نامہ، علی نامہ

Q .20 سوداؔ کا نعتیہ قصیدہ ''ہوا جب کفر ثابت ہے وہ تمغائے مسلمانی'' کتنے اشعار پر مشتمل ہے؟

1 - 48
2 - 58
3 - 68
4 - 38

Q .21 ''میں اپنے ہر شعر کے بارے میں یہ دعویٰ ہرگز نہیں کرتا کہ مستند ہے میرا فرمایا ہوا''
یہ قول کس کا ہے؟

1 - میر تقی میرؔ
2 - جگر مرادآبادیؔ
3 - حسرت موہانیؔ
4 - فراقؔ گورکھپوری

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .22 ''شاہِ بیت'' کسے کہتے ہیں؟

1 - بادشاہ کا لکھا شعر
2 - غزل کا بہترین شعر
3 - بیت بازی کا شعر
4 - غزل کا غیر معیاری شعر

Q .23 ذیل میں بیان اور توجیہہ دیے گئے ہیں سیاق کے اعتبار سے صحیح جواب کی نشان دہی کیجیے۔

بیان: میرؔ کی شاعری دلی اور دل کا مرثیہ بن گئی ہے

توجیہہ: میرؔ نے شہرۂ آفاق مرثیے لکھے ہیں۔

1 - بیان صحیح اور توجیہہ صحیح
2 - بیان غلط اور توجیہہ غلط
3 - بیان غلط اور توجیہہ صحیح
4 - بیان صحیح اور توجیہہ غلط

Q .24 میر تقی میرؔ کے اشعار کے مصرعوں کی صحیح ترتیب بتائیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a - | کہا میں نے کتنا ہے گل کا ثبات | i - | کیا پتنگے نے التماس کیا |
| b - | میرے سلیقے سے میری نبھی محبت میں | ii - | تمام عمر میں ناکامیوں سے کام لیا |
| c - | صبح تک شمع سر کو دھنتی رہی | iii - | اسباب لُٹا راہ میں یاں ہر سفری کا |
| d - | آفاق کی منزل سے گیا کون سلامت | iv - | کلی نے یہ سن کر تبسم کیا |

1 - a-ii, b-iv, c-iii, d-i

2 - a-iv, b-ii, c-i, d-iii

3 - a-iii, b-ii, c-iv, d-i

4 - a-iv, b-i, c-ii, d-iii

Q .25 اشاعت کے اعتبار سے فراقؔ کے مجموعہ کلام کی صحیح زمانی ترتیب کی نشان دہی کریں۔

1 - شبنمستان، گلِ نغمہ، غزلستان، روح کائنات

2 - شبنمستان، روحِ کائنات، غزلستان، گلِ نغمہ

3 - شبنمستان، روحِ کائنات، گلِ نغمہ، غزلستان

4 - روحِ کائنات، گلِ نغمہ، شبنمستان، غزلستان

Q .26 اشاعت کے اعتبار سے شہر یار کے شعری مجموعوں کی صحیح زمانی ترتیب کی نشان دہی کیجئے۔

1 - اسم اعظم، ہجر کے موسم، ساتواں در، خواب کا در بند ہے

2 - ہجر کے موسم، اسم اعظم، خواب کا در بند ہے، ساتواں در

3 - اسم اعظم، ساتواں در، ہجر کے موسم، خواب کا در بند ہے

4 - ساتواں در، اسم اعظم، ہجر کے موسم، خواب کا در بند ہے

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .27 ذیل میں شاعروں کے اصل نام اور تخلص دیئے گئے صحیح جوڑ کی نشان دہی کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a - | سید فضل الحسن | i - | فانؔی |
| b - | علی سکندر | ii - | شہریؔار |
| c - | شوکت علی خاں | iii - | حسرتؔ |
| d - | کنور محمد اخلاق خاں | iv - | جگرؔ |

1 - a-iii, b-iv, c-i, d-ii

2 - a-iii, b-i, c-ii, d-iv

3 - a-i, b-ii, c-iii, d-iv

4 - a-iv, b-i, c-iii, d-ii

Q .28 ذیل میں بیان اور توجیہہ دیئے گئے ہیں۔ سیاق کے اعتبار سے صحیح جواب کی نشان دہی کریں۔

بیان: میرؔ نے ولؔی سے متعلق لکھا تھا کہ وہ شیطان سے زیادہ مشہور ہے۔

توجیہہ: ولؔی کی شاعری لادینی موضوعات کو محیط ہے۔

1 - بیان صحیح اور توجیہہ غلط

2 - بیان صحیح اور توجیہہ صحیح

3 - بیان غلط اور توجیہہ صحیح

4 - بیان غلط اور توجیہہ غلط

Q .29 "شب درمیاں" کس کا شعری مجموعہ ہے؟

1 - عرفان صدیقی
2 - فراقؔ گورکھپوری
3 - شہریارؔ
4 - مجروح سلطان پوری

Q .30 ولیؔ نے کسی بادشاہ کے عہد میں دہلی کا سفر کیا تھا؟

1 - محمد جلال الدین اکبر
2 - اورنگ زیب
3 - بہادر شاہ ظفر
4 - شاہ جہاں

Q .31 "ٹیپ کا مصرعہ" سے کیا مراد ہے؟

1 - نظم کا پہلا مصرعہ
2 - نظم کا آخری مصرعہ
3 - نظم کا بہترین مصرعہ
4 - نظم کے ہر بند میں دہرائے جانے والا مصرعہ

Q .32 حالی کی نظم "مناجات بیوہ" کس ہیئت میں لکھی گئی ہے؟

1 - مثنوی
2 - مسدس
3 - مخمس
4 - ترجیع بند

Q .33 اکبرالہ آبادی نے کس نظم کے پیرائے میں لیلیٰ مجنوں کی فرضی داستان بیان کی ہے؟

1 - برق کلیسا
2 - جلوہ دربار دہلی
3 - فرضی لطیفہ
4 - نئی تہذیب

Prepp
Your Personal Exams Guide


Q .34 صحیح جوڑ کا انتخاب کیجئے

| شاعر | نظم کا عنوان |
|---|---|
| a. میراجی | i. ایک لڑکا |
| b. اخترالایمان | ii. بازگشت |
| c. شفیق فاطمہ شعری | iii. حسن کوزہ گر |
| d. ن۔م۔راشد | iv. سمندر کا بلاوا |

1 - a-iii, b-iv, c-ii, d-i
2 - a-iv, b-i, c-ii, d-iii
3 - a-i, b-iv, c-ii, d-iii
4 - a-ii, b-i, c-iv, d-iii

Q .35 جوشؔ کی نظم "شکست زنداں کا خواب" کس نوعیت کی ہے؟

1 - رومانی
2 - عشقیہ
3 - انقلابی
4 - خمریاتی

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .36 میراجی کی نظم "جاتری" کس ہیئت میں لکھی گئی ہے؟

1 - پابند نظم
2 - معرا نظم
3 - آزاد نظم
4 - نثری نظم

Q .37 غم جاناں اور غم دوراں کا حسین امتزاج کس شاعر کا وصف خاص ہے؟

1 - فیض
2 - ن-م-راشد
3 - میراجی
4 - اخترالایمان

Q .38 مشرق سے ہو بیزار نہ مغرب سے حذر کر
فطرت کا اشارہ ہے کہ ہر شب کی سحر کر
اقبال کا یہ شعر کس نظم سے ہے؟

1 - ذوق وشوق
2 - شعاع امید
3 - لینن خدا کے حضور میں
4 - ساقی نامہ

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .39 "یہ لڑکا پوچھتا ہے اختر الایمان تم ہی ہو" یہ مصرعہ کس نظم کا ہے؟

1 - قبر

2 - پگڈنڈی

3 - ایک لڑکا

4 - بنتِ لمحات

Q .40 اک شہنشاہ نے دولت کا سہارا لے کر
ہم غریبوں کی محبت کا اڑایا ہے مذاق
اس شعر میں شہنشاہ سے مراد کون مغل بادشاہ ہے؟

1 - بابر

2 - اکبر

3 - بہادر شاہ ظفر

4 - شاہ جہاں

Q .41 کس درویش کی سیر درج ذیل اشعار سے شروع ہوتی ہے؟
قصہ، ہماری بے سروپائی کا اب سنو!
ٹک اپنا دھیان رکھ کے میرا حال سب سنو!

1 - پہلا درویش

2 - دوسرا درویش

3 - تیسرا درویش

4 - چوتھا درویش

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .42 داستان فسانۂ عجائب کس سال میں لکھی گئی؟

1 - سن 1810

2 - سن 1820

3 - سن 1824

4 - سن 1844

Q .43 'بوستان خیال' کا سب سے پہلا اُردو ترجمہ کس نے کیا؟

1 - مہدی علی

2 - محسن علی

3 - عالم علی

4 - خواجہ امان

Q .44 کرداروں کے حوالے سے صحیح جوڑ کی نشان دہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a - | آزاد بخت | i - | فسانۂ آزاد |
| b - | جانِ عالم | ii - | بوستان خیال |
| c - | سورج بھان | iii - | رانی کیتکی کی کہانی |
| d - | معزالدین | iv - | باغ و بہار |

1 - a-iv, b-i, c-iii, d-ii

2 - a-iv, b-ii, c-i, d-iii

3 - a-i, b-iii, c-iv, d-ii

4 - a-ii, b-i, c-iv, d-iii

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .45 کربل کتھا کو مرتب کر کے سب سے پہلے کس نے شائع کیا؟

1 - پروفیسر عتیق احمد صدیقی
2 - پروفیسر خواجہ احمد فاروقی
3 - پروفیسر گوپی چند نارنگ
4 - پروفیسر صدیق الرحمٰن قدوائی

Q .46 ذیل میں بیان اور توجیہہ دیے گئے ہیں۔ سیاق و سباق کے حوالے سے صحیح جواب کی نشان دہی کیجیے۔

بیان: ڈراما انارکلی رجحان کے اعتبار سے رومانیت کا ترجمان ہے۔

توجیہہ: اس ڈرامے کی بنیاد تخیل اور مثالیت پر رکھی گئی ہے۔

1 - بیان صحیح اور توجیہہ صحیح
2 - بیان صحیح اور توجیہہ غلط
3 - بیان غلط اور توجیہہ صحیح
4 - بیان غلط اور توجیہہ غلط

Q .47 تاریخ وفات کے اعتبار سے صحیح زمانی ترتیب کی نشان دہی کیجیے۔

1 - حبیب تنویر، امتیاز علی تاج، آغا حشر کاشمیری، محمد حسن
2 - محمد حسن، آغا حشر کاشمیری، امتیاز علی تاج، حبیب تنویر
3 - امتیاز علی تاج، آغا حشر کاشمیری، محمد حسن، حبیب تنویر
4 - آغا حشر کاشمیری، امتیاز علی تاج، حبیب تنویر، محمد حسن

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .48 ڈراما "یہودی کی لڑکی" کے دوسرے ایکٹ میں کتنے سین ہیں؟

1 - چار سین
2 - پانچ سین
3 - سات سین
4 - آٹھ سین

Q .49 امتیاز علی تاج نے کس کے مشورے پر ڈراما انار کلی کا انتخاب اپنی بیوی حجاب اسمٰعیل کے نام کیا؟

1 - اِبن اِنشا
2 - پطرس بخاری
3 - مشتاق احمد یوسفی
4 - رشید احمد صدیقی

Q .50 ذیل میں کس کا کردار ڈراما 'ضحاک' میں نہیں ہے؟

1 - فریدون
2 - نوشابہ
3 - عذرا
4 - ضحاک

Prepp
Your Personal Exams Guide



Q .51 مصورِغم کے نام سے کون جانے جاتے ہیں؟

1 - عبدالحلیم شرر
2 - راشدالخیری
3 - رتن ناتھ سرشار
4 - ڈپٹی نذیراحمد

Q .52 منٹو! خُدا ترے قلم میں اور زہر بھر دے۔ یہ بیان کس کا ہے؟

1 - شمس الرحمان فاروقی
2 - مغنی تبسم
3 - سردار جعفری
4 - گوپی چند نارنگ

Q .53 ایلیٹ کی ایک نظم کے ترجمے کو سرنامے کے طور پر کس ناول میں پیش کیا ہے؟

1 - آگ کا دریا
2 - اداس نسلیں
3 - ٹیڑھی لکیریں
4 - خُدا کی بستی

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .54 راجندر سنگھ بیدی کی وہ کون سی کہانی ہے جو غالبؔ کے اس شعر پر ختم ہوتی ہے؟

کوئی میرے دل سے پوچھے تیرے تیرِ نیم کش کو
یہ خلش کہاں سے ہوتی جو جگر کے پار ہوتا

1 - ترمینس سے پرے

2 - حجام الہ آباد کے

3 - دیوار

4 - یوکلپٹس

Q .55 ذیل میں افسانوں کے نام اور ان کے کردار دئے گئے ہیں۔ صحیح جوڑ کی نشان دہی کیجئے۔

| افسانہ | کردار |
|---|---|
| a - شکوہ وشکایت | i - اِندو |
| b - اپنے دکھ مجھے دے دو | ii - موہن |
| c - گلی ڈنڈا | iii - بیوی |
| d - ٹھنڈا گوشت | iv - ایشر سنگھ |

1 - a-i, b-iii, c-ii, d-iv

2 - a-ii, b-i, c-iv, d-iii

3 - a-iii, b-i, c-iv, d-ii

4 - a-iii, b-i, c-ii, d-iv

Prepp
Your Personal Exams Guide



Q .56 بیان اور توجیہہ غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشان دہی کیجیے

بیان: مُنشی پریم چند نے جدوجہدِ آزادی کے تناظر میں اپنا افسانہ 'قاتل' لکھا۔

توجیہہ: منشی پریم چند انقلابی نظریے کے حامی تھے۔

1 - بیان غلط توجیہہ صحیح
2 - بیان صحیح توجیہہ غلط
3 - بیان اور توجیہہ غلط
4 - بیان اور توجیہہ صحیح

Q .57 "وہ بس گئی پھر اُبھر گئی" یہ جملہ کس افسانے کا ہے؟

1 - ببّل
2 - لمبی لڑکی
3 - لاجونتی
4 - اپنے دکھ مجھے دے دو

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .58 ناول فردوسِ بریں سے متعلق بیانات کوغور سے پڑھیئے اور صحیح جواب کی نشان دہی کیجیے۔

a - فردوس بریں میں ایک طوائف کا قصہ بیان ہوا ہے۔

b - فردوس بریں عبدالحلیم شرر کا شاہکار ناول ہے۔

c - فردوس بریں کا سب سے متاثر کن کردار شیخ علی وجودی کا ہے۔

d - فردوس بریں تقسیم ملک کے ہنگاموں پر لکھا گیا ناول ہے۔

1 - "a" اور "c"

2 - "c" اور "d"

3 - "b" اور "c"

4 - "b" اور "d"

Q .59 درج ذیل اقتباس کس ناول سے ماخوذ ہے؟

"جمہوریتوں کے زمانے میں کوئی نئے بادشاہ کو سنگھ مکھیا کی حیثیت سے مخاطب کر کے کہا تھا۔ تیرے ہاتھ میں راج آیا ہے۔ اٹھ اور اسی شان سے حکومت کر۔ تجھ کو عوام نے اپنا بادشاہ چنا ہے۔ اِنسانوں کے اندر کی طرح اپنی راہ چل۔ تو جو گو پا سے گوالا - وَرنا۔ اُٹھ اور دنیا کے گلے کی رکھوالی کر۔"

1 - فردوس بریں

2 - آگ کا دریا

3 - گئوداں

4 - اُداس نسلیں

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .60 ناول 'اُمراؤ جان ادا' میں جانم کی بیٹی کا کیا نام ہے؟

1 - امیرن
2 - خورشید
3 - بسم اللہ جان
4 - انوری

Q .61 صحیح جوڑ کا انتخاب کیجیے۔

1 - میرؔ حسن - تذکرۂ ہندی
2 - شیفتہؔ - گلشنِ بے خار
3 - مصحفی - تذکرۂ شعرائے اردو
4 - مرزا قادر بخش - گلشنِ ہند

Q .62 علامہ شبلی نعمانی نے کن دو اوصاف کو شاعری کے لیے ضروری قرار دیا ہے؟

1 - تخیل اور جوش
2 - حقیقت اور محاکات
3 - حقیقت اور سلاست
4 - تخیل اور محاکات

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .63 "ایک بھاشا دولکھاوٹ دوادب" کس کی تصنیف ہے؟

1 - رشید حسن خاں
2 - گوپی چند نارنگ
3 - جمیل جالبی
4 - گیان چند جین

Q .64 صحیح بیانات کے زمرہ کا انتخاب کیجئے۔

a - ناقد کو غیر جانب دار ہونا ضروری ہے۔
b - تذکروں میں تنقید نہیں پائی جاتی ہے۔
c - "نئے اور پرانے چراغ" آل احمد سرور کی تصنیف ہے۔
d - "لفظ و معنی" کے مصنف وزیر آغا ہیں۔

1 - "a" اور "b"
2 - "b" اور "d"
3 - "a" اور "c"
4 - "c" اور "d"

Q .65 ان میں محققین کا زمرہ کونسا ہے؟

1 - محی الدین قادری زور - مولوی عبدالحق - کلیم الدین
2 - امتیاز علی عرشی - رشید حسن خان - گیان چند جین
3 - قاضی عبدالودود - جمیل جالبی - احتشام حسین
4 - شکیل الرحمٰن - امتیاز علی عرشی - مولوی عبدالحق

Q .66 بیان اور توجیہہ پڑھیئے اور صحیح جواب کی نشان دہی کیجئے۔

بیان: تحقیق میں موضوع کے انتخاب میں ندرت کا ہونا ضروری ہے۔

توجیہہ: موضوع کی تکرار سے تحقیق کا دامن وسیع ہوتا ہے۔

1 - بیان درست - توجیہہ درست

2 - بیان غلط - توجیہہ غلط

3 - بیان درست - توجیہہ غلط

4 - بیان غلط - توجیہہ درست

Q .67 بیان اور توجیہہ پڑھیئے اور درست جواب کی نشان دہی کیجئے۔

بیان: تحقیقی مقالہ کی تیاری میں ابتدائی خاکہ بنانا ضروری ہے۔

توجیہہ: خاکہ تحقیق کے مراحل کو آسان بناتا ہے۔

1 - بیان درست - توجیہہ غلط

2 - بیان غلط - توجیہہ غلط

3 - بیان درست - توجیہہ درست

4 - بیان غلط - توجیہہ درست

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .68 ذیل میں ناقد کا نام اور دبستانِ تنقید کا نام درج ہے۔ صحیح جوڑ کا انتخاب کیجئے۔

| ناقد | دبستان |
|---|---|
| a - عبدالرحمٰن بجنوری | i - ہیئتی تنقید |
| b - شبیرالحسن | ii - سائنٹفک تنقید |
| c - شمس الرحمٰن فاروقی | iii - نفسیاتی تنقید |
| d - سید اعجاز حسین | iv - جمالیاتی تنقید |

1 - a-iv, b-iii, c-i, d-ii

2 - a-iv, b-iii, c-ii, d-i

3 - a-iii, b-ii, c-iv, d-i

4 - a-i, b-ii, c-iv, d-iii

Q .69 صحیح جوڑ کا انتخاب کیجئے۔

| مصنف | تصنیف |
|---|---|
| a - سلام العجمی | i - اسرارالبلاغت |
| b - امیر کیکاؤس | ii - چہار مقالہ |
| c - عبدالقادر جرجانی | iii - طبقات الشعراء |
| d - عروضی سمرقندی | iv - قابوس نامہ |

1 - a-iii, b-iv, c-ii, d-i

2 - a-iii, b-iv, c-i, d-ii

3 - a-ii, b-i, c-iv, d-iii

4 - a-i, b-iv, c-ii, d-iii

Q .70 ذیل کے ناقدین کی سن وفات کے اعتبار سے صحیح زمانی ترتیب کی نشان دہی کیجئے۔

1 - کلیم الدین احمد-احتشام حسین-وزیر آغا-آل احمد سرور
2 - احتشام حسین-کلیم الدین احمد-آل احمد سرور-وزیر آغا
3 - کلیم الدین احمد-وزیر آغا-احتشام حسین-آل احمد سرور
4 - وزیر آغا-احتشام حسین-کلیم الدین احمد-آل احمد سرور

Q .71 " اگر یہ کتاب آپ کو کسی نے مفت بھیجی ہے تو مجھ پر احسان ہے۔ اگر آپ نے کہیں سے چرائی ہے تو مجھے آپ سے ہمدردی ہے"
یہ جملہ کس کتاب کے دیباچے میں شامل ہے؟

1 - چراغ تلے
2 - لذت آزار
3 - شیشہ و تیشہ
4 - مضامین پطرس

Q .72 کن مصنفین کے عہد کو "اِنشائیہ کی صبح کاذب" اور "انشائیہ کی صبح صادق" کہا گیا ہے؟

1 - مولانا محمد حسین آزاد اور رشید احمد صدیقی
2 - سجاد حیدر یلدرم اور مشتاق احمد یوسفی
3 - کنہیالال کپور اور پطرس بخاری
4 - احمد جمال پاشا اور خواجہ حسن نظامی

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .73 بیان اور توجیہہ غور سے پڑھئے اور صحیح جواب کی نشان دہی کیجئے۔

بیان: پطرس بخاری کا شمار چوٹی کے مزاح نگاروں میں ہوتا ہے۔

توجیہہ: پطرس بخاری نے یہ مقام اپنی بسیار نگاری کی وجہ سے حاصل کیا۔

1 - بیان صحیح اور توجیہہ غلط
2 - بیان بھی غلط اور توجیہہ بھی غلط
3 - بیان غلط مگر توجیہہ صحیح
4 - بیان بھی صحیح اور توجیہہ بھی صحیح

Q .74 "غبارِ خاطر" کے بارے میں ذیل کے کون سے جملے صحیح ہیں؟

i - اس میں شامل بیشتر خطوط نظر بندی کے زمانے میں لکھے گئے تھے۔
ii - یہ خطوط مولانا حبیب الرحمٰن شروانی کے نام لکھے گئے تھے۔
iii - ان خطوط میں انگریزی حکومت کے خلاف غم و غصّے کا کھلا اظہار ہے۔
iv - ان خطوط میں ایک بھی شعر کا استعمال نہیں کیا گیا۔

1 - "i" اور "iii"
2 - "i" اور "ii"
3 - "i" اور "iii"
4 - "ii" اور "iv"

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide


Q .75 ذیل میں سوانحات اور سوانح نگاروں کی فہرست دی گئی ہے صحیح ترتیب کی نشان دہی کیجئے۔

| سوانحات | سوانح نگار |
|---|---|
| a - عمر خیام | i - معین الدین ندوی |
| b - سیرت محمد علی | ii - شیخ محمد اکرم |
| c - شبلی نامہ | iii - سلیمان ندوی |
| d - حیات سلیمان | iv - رئیس احمد جعفری |

1 - a-i, b-iii, c-ii, d-iv
2 - a-iii, b-i, c-iv, d-ii
3 - a-ii, b-iv, c-i, d-iii
4 - a-iii, b-iv, c-ii, d-i

Q .76 صحیح زمرے کی نشان دہی کیجئے۔

1 - پطرس بخاری، مشتاق احمد یوسفی، کنہیالال کپور، احمد جمال پاشا
2 - مجتبیٰ حسین، آل احمد سرور، ابوالکلام آزاد، سجاد حیدر یلدرم
3 - پطرس بخاری، سرسید احمد خان، مسعود حسین خان، مجتبیٰ حسین
4 - مشتاق احمد یوسفی، اختر الایمان، مرزا غالب، رشید احمد صدیقی

Q .77 "مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ" میں سجاد حیدر یلدرم نے خود کا کس کے ساتھ
موازنہ کرنے کی کوشش کی ہے؟

1 - بھکاری
2 - شاعر
3 - مزدور
4 - لیڈر

Q .78 "سفرنامہ جاپان چلو جاپان چلو" کے مصنف کون ہیں؟

1 - ابنِ انشاء
2 - شبلی نعمانی
3 - مجتبیٰ حسین
4 - سر سید احمد خان

Q .79 "مسافرانِ لندن" سب سے پہلے کس رسالے میں قسط وار شائع ہوا؟

1 - اودھ پنچ
2 - سیدالاخبار
3 - تہذیب الاخلاق
4 - علی گڑھ اِنسٹی ٹیوٹ گزٹ

www.prepp.in



Q .80 "آپ نے کالی، نیلی اور پیلی آنکھیں تو دیکھی اور سنی ہوں گی۔ مگر سبز آنکھیں صرف شین شا نگ کے کلام ہی میں پائی جاتی ہیں"

یہ اقتباس کس مضمون سے ماخوذ ہے؟

1 - شامت اعمال

2 - چینی شاعر

3 - چڑیا چڑے کی کہانی

4 - غالبؔ جدید شعراء کی محفل میں

Q .81 دبستانِ دہلی کی شاعری کا وصف خاص کیا تھا؟

1 - نشاطیہ عنصر

2 - خارجیت

3 - پُر تکلف زبان

4 - داخلیت

Q .82 بحثیت مصنف اور مترجم فورٹ ولیم کالج میں سب سے زیادہ کتابیں کس نے لکھی ہیں؟

1 - میر امن

2 - حیدر بخش حیدری

3 - شیر علی افسوس

4 - مولوی اکرام علی

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .83 علی گڑھ تحریک نے اردو ادب میں کس رجحان کو فروغ دیا؟

1 - ادب برائے ادب

2 - رومانوی اسلوب

3 - اصلاحی ادب

4 - طنز و مزاح

Q .84 بیان اور توجیہہ پڑھیئے اور درست جواب کی نشان دہی کیجئے۔

بیان: ترقی پسند تحریک نے اردو ادب میں حقیقت نگاری کو فروغ دیا۔

توجیہہ: ترقی پسند تحریک نے سرمایہ دارانہ نظام کی حمایت کی۔

1 - بیان درست - توجیہہ غلط

2 - بیان درست - توجیہہ درست

3 - بیان غلط - توجیہہ غلط

4 - بیان غلط - توجیہہ درست

Q .85 دارالترجمہ عثمانیہ سے متعلق درست بیانات کا زمرہ کونسا ہے؟

- a یہ ادارہ حیدرآباد میں قائم ہوا۔
- b اس ادارہ کا مقصد انگریزی تعلیم کو فروغ دینا تھا۔
- c اس ادارہ میں سائنسی علوم، انجینئرنگ، قانون، میڈیسن کی کتابیں انگریزی سے اُردو میں ترجمہ ہوئیں۔
- d اس ادارہ سے جوش ملیح آبادی وابستہ رہے۔

1 - a, b, c
2 - a, b, d
3 - a, c, d
4 - b, c, d

Q .86 ان میں سے کونسا بیان درست ہے؟

1 - ترقی پسند تحریک کی پہلی کانفرنس 1936ء کو دہلی میں ہوئی۔
2 - میراجی، ترقی پسند تحریک کے معروف شاعر رہے۔
3 - علی سردار جعفری ترقی پسند تحریک کے نمائندہ شاعر ہیں
4 - ترقی پسند مُصنفین کی دوسری کل ہند کانفرنس کی صدارت سجاد ظہیر نے کی تھی۔

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .87 اردو ادب میں جدیدیت کے رجحان میں سب سے زیادہ زور کس پہلو پر دیا گیا؟

1 - تاریخی واقعات کی تفصیل
2 - فرد کی اِنفرادیت اور داخلی کیفیات
3 - مذہبی عقائد کی تشریح
4 - کلاسیکی شعری روایات کی پیروی

Q .88 حلقۂ ارباب ذوق سے وابستہ شعراء کا زمرہ کونسا ہے؟

1 - مجاز - مخدوم - میراجی - ن.م.راشد
2 - فیض - معین احسن جذبی - قیوم نظر - یوسف ظفر
3 - میراجی - قیوم نظر - ن.م.راشد - جاں نثار اختر
4 - قیوم نظر - ن.م.راشد - میراجی - یوسف ظفر

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide


Q .89 زمانی ترتیب کے اعتبار سے ذیل کی ادبی تحریکات ورجحانات کی نشان دہی کیجئے۔

1 - ایہام گوئی - رومانی تحریک - حلقہ ارباب ذوق - مابعد جدیدیت
2 - رومانی تحریک - ترقی پسند تحریک - علی گڑھ تحریک - جدیدیت
3 - اصلاح زبان کی روایت - علی گڑھ تحریک - مابعد جدیدیت - حلقہ ارباب ذوق
4 - رومانی تحریک - ایہام گوئی - جدیدیت - اصلاح زبان کی روایت

Q .90 صحیح جوڑے کا انتخاب کیجئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a - | اصلاح زبان کی روایت | i - | مہدی حسن افادی |
| b - | ایہام گوئی | ii - | مظہر جان جاناں |
| c - | رومانی تحریک | iii - | الطاف حسین حالؔی |
| d - | علی گڑھ تحریک | iv - | خان آرزو |

1 - a-ii, b-iv, c-i, d-iii
2 - a-iii, b-iv, c-i, d-ii
3 - a-ii, b-i, c-iv, d-iii
4 - a-i, b-iv, c-ii, d-iii

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .91 فراق کے اس مجموعے کی نشان دہی کیجئے جو صرف رباعیات پر مشتمل ہے

1 - روح کائنات

2 - شعلہ ساز

3 - مشعل

4 - روپ

Q .92 شاعر اپنے کہے ہوئے یا کسی اور شاعر کے کسی شعر یا اشعار یا نظم یا مصرعے وغیرہ پر کوئی شعر یا مصرع لگاتا ہے تو اسے کیا کہا جاتا ہے؟

1 - ریختی

2 - مستزاد

3 - تضمین

4 - مرثیہ

Prepp
22
Your Personal Exams Guide

Q .93 تھامس گرے کی نظم کا "شام غریباں" کے نام سے کس نے اردو میں ترجمہ کیا؟

1 - عزیز احمد
2 - نظم طباطبائی
3 - شمس الرحمٰن فاروقی
4 - قلق میرٹھی

Q .94 ذیل کے کونسے عناصر اداریہ کے لئے لازمی ہیں؟

a - اداریہ کا بیانیہ یا تشریحی ہونا لازمی ہے
b - اداریہ دانشورانہ یا غیر جذباتی ہوتا ہے
c - اداریہ منظوم ہوتا ہے
d - اداریہ مزاحیہ انداز میں لکھا جاتا ہے

1 - "a" اور "b"
2 - "c" اور "b"
3 - "c" اور "d"
4 - "a" اور "c"

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .95 یہ شعر کس نے لکھا؟

غزلی کا مرتبہ گرچہ اول ہے
ولے ہر بیت میرا ایک غزل ہے

1 - نصرتی
2 - ولی دکنی
3 - سراج اورنگ آبادی
4 - ابنِ نشاطی

Q .96 دکن کا ''ریختی گو'' شاعر کون ہے؟

1 - ملا وجہی
2 - ابنِ نشاطی
3 - ہاشمی بیجاپوری
4 - نصرتی

Q .97 مصرعوں کی تعداد کے لحاظ سے صحیح ترتیب کی نشان دہی کیجئے؟

1 - رباعی، ترائیلے، مسدس، ہائیکو
2 - مسدس، رباعی، ہائیکو، ترائیلے
3 - ترائیلے، ہائیکو، رباعی، مسدس
4 - ہائیکو، رباعی، مسدس، ترائیلے

Prepp
Your Personal Exams Guide



Q .98 ڈراما "انارکلی" کو کسی نقاد نے شہنشاہ اکبر کا المیہ قرار دیا۔

1 - پروفیسر احتشام حسین
2 - کلیم الدین احمد
3 - آل احمد سرور
4 - وارث علوی

Q .99 مسمط کی کتنی قسمیں ہیں؟

1 - چار
2 - چھ
3 - آٹھ
4 - دس

Prepp
Your Personal Exams Guide

Q .100 درج ذیل تحریر کونسی صنف سخن سے ماخوذ ہے؟

سوداگروں کو سود، نہ بیوپاری کو فلاح
بزارکو ہے نفع، نہ پنساری کو فلاح
دلال کو ہے یافت، نہ بازاری کو فلاح
دکھیا کو فائدہ، نہ پنساری کو فلاح
یاں تک ہوا ہے اُن کے لوگوں کا کاربند

1 - مسمط
2 - تضمین
3 - واسوخت
4 - شہرآشوب

www.prepp.in



Your Personal Exams Guide

## SPACE FOR ROUGH WORK

Your Personal Exam Guide

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

## SPACE FOR ROUGH WORK

Prepp Your Personal Exam Guide

www.prepp.in


## SPACE FOR ROUGH WORK

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

## SPACE FOR ROUGH WORK

Prepp Your Personal Exam Guide